**Shabbir / Fazil**

**14-12-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دلی میں قومی توانائی بچت ایوارڈ پیش کریں گی۔

2- وزیراعظم نریندر مودی کل اُردن کا دورہ کریں گے، جو دونوں ملکوں کے درمیان سفارتی تعلقات کے 75 سال پورے ہونے کے موقع پر ہو رہا ہے۔

3- دلّی سرکار نے تمام اسکولوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ خطرناک فضائی آلودگی کے پیش نظر نویں جماعت اور گیارہویں تک کے کلاسز ہائی برڈ موڈ میں کریں۔

4- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے شام میں داعش کے بندوق برداروں کی طرف سے دو امریکی سپاہیوں اور ایک شہری کی ہلاکت کے خلاف جوابی کارروائی کی وارننگ دی ہے۔

5- 19 سال سے کم عمرکھلاڑیوں کے ACC ایشیا کپ کرکٹ میں آج دبئی میں گروپ مرحلے کے دوسرے میچ میں بھارت کا مقابلہ حریف پاکستان سے ہوگا۔

6- اور : چنئی میں عالمی اسکواش چیمپین شپ کے فائنل میں بھارت، ہانگ کانگ کے ساتھ کھیلے گا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Prez-Energy Day

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، توانائی کی بچت کے قومی دن کے موقعے پر آج نئی دلّی میں توانائی کی بچت کے قومی انعامات 2025 اور اس سے متعلق مصوری مقابلے کے 2025 کے فاتحین کو انعامات عطا کریں گی۔ اس موقعے پر صدر جمہوریہ تقریب سے خطاب بھی کریں گی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Shivang

توانائی کی بچت کا قومی دن ہر سال 14 دسمبر کو منایا جاتا ہے، تاکہ توانائی کی بچت کی اہمیت اور ملک کی

حصولیابیوں میں توانائی کی کارکردگی کے بارے میں بیداری پیدا کی جا سکے۔ بجلی کی وزارت کی رہنمائی میں توانائی کی کارکردگی سے متعلق بیورو، BEE، صنعتی اکائیوں، اداروں اور تنصیبات کی جانب سے توانائی کی کھپت کو کم کرنے کی کوششوں کا اعتراف اور حوصلہ افزائی کرتے ہوئے اُنہیں اس دن پر توانائی کی بچت سے متعلق انعامات عطا کرتا ہے۔ توانائی کی بچت کے قومی انعامات کیلئے مجموعی طور پر 680 درخواستیں موصول ہوئی تھیں۔ اِن انعامات کو 7 وسیع تر زمروں کے تحت 28 ذیلی شعبوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

بجلی کے وزیر منوہر لال بھی اس تقریب میں شرکت کریں گے اور توانائی کے مؤثر استعال سے متعلق تقریر کریں گے۔

دلّی سے شیوانگ مسرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

PM Jordan Economic Cooperation

وزیراعظم نریندر مودی کل سے منگل تک اُردن کا دورہ کریں گے۔ شاہ عبد اللہ دوئم بن الحسین کی دعوت پر جناب مودی یہ دورہ کر رہے ہیں۔ اُردن کے ساتھ وزیراعظم مودی کا یہ باضابطہ پہلا رابطہ ہوگا، جو دونوں ملکوں کے درمیان سفارتی تعلقات کے 75 سال پورے ہونے پر ہو رہا ہے۔ نئی دلّی اور عمّان کے درمیان اعلیٰ سطحی سیاسی رابطے رہے ہیں۔ بھارت اور اردن کے درمیان مضبوط تعلقات ہیں اور بھارت اُردن کا تیسرا بڑا تجارتی شراکت دار کے طور پر اُبھر رہا ہے۔ دونوں ملکوں کے درمیان تقریباً دو اعشاریہ آٹھ بلین امریکی ڈالر کی تجارت ہوتی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Vinod Kumar

اُردن بھارت کا کھادوں کا اور خاص طور پر Phosphates اور پوتاش کا اہم سپلائر ہے، جو بھارت کے زرعی شعبے کے لئے اہم ہے۔ اِس تعاون کی ایک نمایاں مثال اُردن بھارت فرٹیلائزر کمپنی ہے، جو انڈیا کے IFFCO اور اُردن کے Phosphates Mines کمپنی کے درمیان 860 ملین امریکی ڈالر کا ایک جوائنٹ وینچر ہے۔ یہ کمپنی فاسفورس ایسڈ تیار کرنے اور بھارت کو برآمد کرنے کیلئے بنائی گئی تھی۔

اِس کے علاوہ کپڑے کی بھارت کی تقریباً 15 کمپنیاں اُردن کے کوالیفائڈ صنعتی زون میں کام کر رہی ہیں۔ یہ کمپنیاں اردن کے آزاد تجارتی سمجھوتوں اور امریکہ، یوروپ اور عرب خطے کے ساتھ خصوصی تجارتی سمجھوتوں سے فائدہ اٹھاکر دنیا بھر کے بازاروں میں اپنا سامان بھیج رہی ہیں۔

عمان اور ممبئی کے درمیان بلا واسطہ پروازوں کی شروعات سے دونوں ملکوں کے درمیان رابطے میں اضافہ ہوا ہے اور نئی دلی کے ساتھ بلا واسطہ پرواز چلانے کا منصوبہ ہے۔

اُردن، مجوزہ بھارت - مڈل ایسٹ - یوروپ اقتصادی کوریڈور میں ایک اہم شراکت دار کے طور پر بھی دیکھا جا رہا ہے اور توقع ہے کہ وہ اہم علاقائی بازاروں کو جوڑنے میں کلیدی رول ادا کرے گا۔x

Delhi Schools

دلّی میں، ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن نے قومی راجدھانی میں ہوا کے معیار کی بگڑتی ہوئی صورتحال کو دیکھتے ہوئے سبھی اسکولوں کو نویں جماعت تک کی اور گیارہویں جماعت کی کلاسز ہائبرڈ طریقۂ کار سے چلانے کی ہدایت دی ہے۔ البتہ دسویں اور بارہویں جماعت کی کلاسز حسب معمول جاری رہیں گی۔ یہ ہدایت ہوا کے معیار کے بندوبست سے متعلق کمیشن CAQC کے بعد جاری کی گئی ہے، جس نے دلّی اور قومی راجدھانی خطّے میں فضائی آلودگی کی بگڑتی صورتحال کے مدنظر GRAP کے چوتھے مرحلے کو فوری طور سے نافذ کر دیا ہے۔ GRAP کے چوتھے مرحلے کے تحت دلّی میں سبھی طرح کی تعمیراتی سرگرمیوں اور غیر ضروری ساز و سامان لانے والے اور فضائی آلودگی بڑھانے والے ٹرکوں پر پابندی عائد ہو گئی ہے۔

قومی راجدھانی خطّے میں کئی مقامات پر ہوا کے معیار کا اشاریہ، AQI، چارسو سے تجاوز کر گیا ہے، جس کے بعد اس فیصلے کا اطلاق ہوا ہے۔

حکومت نے شہر کے سبھی سرکاری اور پرائیویٹ دفتروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ کم از کم 50 فیصد افرادی قوت کو ورک فروم ہوم یا گھر سے کام پر لگائیں۔ اسی طرح کی ایک ہدایت GRAP تھری اقدامات کے نفاذ کیلئے 24 نومبر کو بھی جاری کی گئی تھی، تاہم اِن پابندیوں کو بعد میں ہٹا لیا گیا تھا۔ x

AIIMS Supernova

نئی دلّی کے آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز، AIIMS نے دل کا دورہ پڑنے کے دوران استعمال ہونے والے نئے اور جدید 'سوپر نوا اسٹینٹ' کے بھارت کے پہلے کلینیکل ٹرائل مکمل کر لیے ہیں۔ AIIMS نے بتایا کہ 'سوپر نوا اسٹینٹ' ملک کے مریضوں کی بڑی آبادی کیلئے ڈیزائن کیا گیا ہے، جہاں مغربی ممالک مقابلے نوجوانوں میں دل کے دورے عام ہو گئے ہیں۔

AIIMS نے مزید کہا کہ یہ گھریلو کلینیکل ٹرائلز کی بنیاد پر منظور کیا گیا دل کے دورے کے علاج میں استعمال ہونے والا بھارت کا پہلا طبّی آلہ ہوگا۔ ادارے کے مطابق 'سوپر نوا اسٹینٹ' کے ذریعے جنوب مشرقی ایشیاء میں پہلے ہی 300 مریضوں کا علاج کیا جا چکا ہے۔

میڈیکل ادارے نے مزید کہا کہ 'سوپر نوا اسٹینٹ' اب بھارت میں ہی بنایا جائے گا، جس سے ہر سال دل

کے دورے کے شکار ہونے والے 17 لاکھ سے زیادہ شہریوں کی امید جاگی ہے۔ ×

Chhattisgrah Amit Shah

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کل کہا ہے کہ نکسلی ازم سے کسی کو فائدہ نہیں ہوتا ہے اور صرف امن سے ہی ترقی کی راہ ہموار ہوسکتی ہے۔ چھتیس گڑھ کے جگدل پور میں بستر اولمپکس کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے 31 مارچ 2026 تک نسکل از کو ختم کرنے کے سرکار کے عہد کا اعادہ کیا۔ انھوں نے کہا کہ مرکز نے اگلے پانچ برسوں میں چھتیس گڑھ کے بستر ڈویژن کو ملک کے سب سے ترقی یافتہ قبائلی خطے میں تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

جناب شاہ نے کہا کہ نکسل ازم نے خطے میں ترقی کی رکاوٹ ڈالی ہے لیکن اِس کے خاتمے کے ساتھ ہی ترقی کا ایک نیا دور شروع ہونے والا ہے۔ انھوں نے ماؤنوازوں سے اپیل کی کہ وہ ہتھیار ڈال دیں اور سماج کے اصل دھاریمیں شامل ہوجائیں۔

بستر کی بدلتی ہوئی صورتحال کو اجاگر کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ خوف کو امید سے بدل دیا گیا ہے، اب وہاں اسکول کی گھنٹیاں بج رہی ہیں جہاں گولیوں کی آواز آتی تھی اور وہاں سڑکیں، ریلیویز اور قومی شاہراہ بنائے جا رہے ہیں جہاں ترقی کا خواب دیکھنا بھی ممکن نہیں تھا۔ انھوں نے کہا کہ اگلی بار جب بستر اولمپکس ہوں گے، نہ صرف بستر بلکہ پورا ملک نکسل کارروائیوں سے آزاد ہوگا۔

S/B Amit Shah

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Trump Syria

ملکِ شام میں داعش، IS کے بندوق بردار کے ساتھ گولی باری میں دو امریکی فوجیوں اور ایک مترجم امریکی شہری کی موت ہو گئی ہے۔ امریکی سینٹرل کمان نے یہ اطلاع دی ہے۔ حکام نے بتایا کہ حملے میں عملے کے تین اراکین زخمی بھی ہوئے ہیں اور بندوق بردار کو ہلاک کر دیا گیا ہے۔

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سوشل میڈیا پر لکھا ہے کہ یہ امریکہ اور شام کے خلاف ایک ISIS حملہ تھا، جس کا بیحد سخت جواب دیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ تین زخمی امریکی فوجیوں کی حالت بہتر ہے۔ ملکِ شام

میں بشارالاسد حکومت کے سقوط کے بعد یہ پہلی امریکی اموات ہیں۔
ملکِ شام کی حکومت نے حملے کی مذمت میں بیان جاری کیا ہے۔ شام کے سرکاری نیوز نے خبر دی ہے کہ اس حملے میں شام کے دو فوجی ملازمین زخمی بھی ہوئے ہیں۔ ×

Bangladesh EC Serurity

بنگلہ دیش کے انتخابی کمیشن نے تیرہویں پارلیمانی انتخابات کے شیڈول کے اعلان کے بعد سے بڑھتی بے چینی کے تناظر میں ملک بھر میں اپنی اعلیٰ قیادت اور دفاتر کی حفاظت کیلئے اضافی پولیس تحفظ کا مطالبہ کیا ہے۔ انسپکٹر جنرل آف پولیس اور ڈھاکہ میٹرو پولیٹن پولیس کو لکھے خطوں میں انتخابی کمیشن نے چیف انتخابی کمشنر، AMM نصیرالدین، انتخابی کمیشن کے سکریٹری اور 4 انتخابی کمشنروں کی سکیورٹی میں اضافے کی درخواست کی ہے۔ انتخابی کمیشن نے انتخابات کے دوران فرائض کی بلا رکاوٹ اور محفوظ انجام دہی کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے یہ درخواست کی ہے۔
ایک رپورٹ

V/C - Navalsang Parmar

بڑھتے حفاظتی خدشات کے دوران بنگلہ دیش کے انتخابی کمیشن نے اپنے سینئر افسران کیلئے 24 گھنٹے پولیس حفاظت کی درخواست کی ہے۔ وہیں چیف انتخابی کمشنر کیلئے اضافی حفاظتی گاڑی کا مطالبہ کیا ہے۔ ملک میں 11 دسمبر کو انتخابی شیڈول کے اعلان کے بعد بڑھتے تشدد کے پسِ منظر میں یہ درخواست کی گئی۔ اس کے اگلے دن رکن پارلیمنٹ بننے کے آزاد خواہشمند اور انقلاب منچ کے ترجمان شریف عثمان ہادی کو گولی مار دی گئی اور لکشمی پور اور پیروج پور میں نامعلوم شرپسندوں کی جانب سے انتخابی دفاتر کو آگ لگا دی گئی۔ کمیشن نے صورتحال کو ہنگامی اور ضروری قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ انتخابی عمل انتہائی اہم مرحلے میں داخل ہو گیا ہے۔
کمیشن نے بنگلہ دیش بھر میں سبھی فیلڈ لیول انتخابی دفاتر کی سکیورٹی سخت کرنے کی ہدایت دی ہے۔
ڈھاکہ سے نول سنگ پرمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

Shivraj Patil State Honours

معروف کانگریس رہنماء اور سابق مرکزی وزیر شیو راج پاٹل کی آخری رسومات مہاراشٹر میں اُن کے آبائی ضلع لاتور میں کل پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ انجام دی گئیں۔
اس دوران لوک سبھا اسپیکر اوم برلا، کانگریس صدر ملکا ارجن کھڑگے، دفاع کے وزیرِ مملکت سنجے سیٹھ، مہاراشٹر کے سابق وزیر اعلیٰ اشوک چوہان اور کرناٹک کے وزیر ایشور کھانڈرے کے علاوہ کئی شخصیات نے ان کی آخری رسومات

میں شرکت کی۔ جناب شیوراج پاٹل کا جمعے کے روز 91 سال کی عمر میں انتقال ہو گیا تھا۔×

## JP Nadda Shimla

BJP صدر اور مرکزی وزیرِ صحت اور خاندانی بہبود جگت پرکاش نڈّا نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں بھارت، ترقی یافتہ ملک بننے کی جانب تیزی سے گامزن ہے۔ جناب نڈّا نے ہماچل پردیش کے شملہ میں BJP دفتر کا سنگِ بنیاد رکھنے کے دوران منعقدہ تقریب میں یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں تعمیر کیے جا رہے BJP دفاتر صرف عمارتیں نہیں ہیں، بلکہ اقدار اور نظریات، لوگوں کی خدمت کرنے اور ملک کی ترقی کے مراکز ہیں۔ جناب نڈّا نے دعویٰ کیا کہ BJP ایک نظریاتی پارٹی ہے، جبکہ کانگریس اور دیگر سیاسی جماعتوں کے پاس کوئی نظریہ نہیں ہے۔ BJP صدر نے مزید کہا کہ گزشتہ UPA حکومت کی سیاست ذات پات اور اقرباء پروری پر مبنی تھی، جبکہ BJP نے جوابدہی اور بہتر حکمرانی کی سیاست کا راستہ اپنایا ہے۔ ×

## Scindia Postman

مواصلات کے مرکزی وزیر جیوتی رادتیہ سندھیا نے پوسٹ مین کو اعتماد کا پُل قرار دیا ہے، جو نہ صرف خطوط بلکہ بینکنگ، انشورینس اور سرکاری خدمات بھارت کے ہر گھر تک پہنچاتے ہیں۔ انھوں نے دیہی بھارت کو جوڑنے اور ملک کو ترقی کی طرف لے جانے میں اُن کے اہم رول کو اجاگر کیا ہے۔ جناب سندھیا نے کل کولہاپور میں گرامین ڈاک سیوک سمیلن میں گوا اور پونے خطوں کے تقریباً چھ ہزار گرامین ڈاک سیوک کے ایک بڑے اجتماع کو خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔

وزیراعظم نریندر مودی کے ''ڈاکیہ اب بینک لایا'' ویژن کو یاد کرتے ہوئے جناب سندھیا نے اِس بات پر زور دیا کہ کس طرح انڈیا پوسٹ نے خطوط پہنچانے سے مالیاتی شمولیت شہریوں کی خدمات کو پہنچانے والا ایک بھروسے مند ساتھی بن گیا۔ x

## Messi Hyderabad Tour

معروف فٹ بال کھلاڑی Leonel Messi کا GOAT-انڈیا ٹور کل رات حیدرآباد میں اختتام پذیر ہوا۔ حیدرآباد کے شائقین کو Uppal کے راجیو گاندھی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں Messi, de Paul اور Suarez کو ایک ساتھ دیکھنے کا موقع ملا۔ ارجنٹینا کے فٹ بال ستارے Messi نے دو اور مایہ ناز کھلاڑیوں Rodrigo De Paul اور Luis Suarez کے ساتھ پُر ہجوم اسٹیڈیم میں سماں باندھ دیا۔ اس دوران انہوں نے کچھ ایسے کرتب دکھائے،

جن کی وجہ سے وہ فٹ بال کی دنیا میں جانے جاتے ہیں۔

Messi اور اُن کی ٹیم کے کھلاڑیوں نے تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ اے-ریونت ریڈّی کے ساتھ GOAT کپ پنالٹی شُوٹ آؤٹ میں حصہ لیا۔

اس دوران تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈّی فٹ بال یونیفارم پہنے ہوئے تھے اور انہوں نے اسٹیڈیم میں بچوں کے ساتھ فٹ بال بھی کھیلا۔x

## Tilangana Panchayat Polling

تلنگانہ میں گرام پنچایت کے دوسرے مرحلے کی ووٹنگ جاری ہے۔ اِس مرحلے میں ریاست کے 31 اضلاع کے تین ہزار 911 سرپنچ عہدوں اور 29 ہزار 913 وارڈ ممبروں کیلئے ووٹنگ ہوگی۔ ووٹنگ دوپہر ایک بجے تک ہوگی۔

57 لاکھ سے زیادہ ووٹر 12 ہزار 782 سرپنچ امیدواروں اور 71 ہزار سے زیادہ وارڈ ممبر امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔x

## Punjab Zila Elections

پنجاب میں، ضلع پریشد اور پنچایت سمیتی کے انتخابات کیلئے ووٹنگ آٹھ بجے شروع ہوگئی ہے۔ آزاد امیدواروں سمیت 9 ہزار سے زیادہ امیدوار میدان میں ہیں۔ یہ ایک اہم دیہی بلدیاتی انتخابات ہیں جہاں حکمراں عاپ، کانگریس، شرومنی اکالی دل اور BJP جیت درج کرنے کے لئے کوششیں کر رہی ہیں۔

ریاستی انتخابی کمشنر راج کمل چوہدری نے بتایا ہے کہ انتخابات صبح آٹھ بجے سے شام چار بجے تک بیلٹ پیپر کے ذریعے ہوں گے۔

ووٹوں کی گنتی 17 دسمبر کو ہوگی۔x

## IMD Weather

بھارت محکمۂ موسمیات نے اندرونی کرناٹک اور تلنگانہ کے مختلف مقامات پر آج کیلئے سرد لہر کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے آسام، میگھالیہ، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ، پنجاب اور اترپردیش میں گھنی کہر چھائے رہنے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔

اس دوران دلّی اور قومی راجدھانی خطّے میں ہوا کا معیار بدستور سنگین کے زمرے میں ہے۔ آلودگی کی روک تھام

کے مرکزی بورڈ، CPCB کے مطابق آج صبح 7 بجے قومی راجدھانی میں ہوا کے معیار کا اوسط اشاریہ 461 درج کیا گیا۔x

Squash India Hongkong Pinal

عالمی اسکواش چیمپین شپ کے فائنل میں، آج چنئی میں بھارت کا مقابلہ ہانگ کانگ سے ہوگا۔ بھارت، کل رات سیمی فائنل میں مصر کو تین۔صفر سے شکست دے کر فائنل میں پہنچا ہے۔

بھارت کے Velavan Senthil Kumar نے مصر کے ابراہیم اَلکلبانی کو جبکہ Anahat Singh نے مصر کے نور ہیکل گراس کو شکست دی۔ ابھے سنگھ نے بھی مصر کے آدم ہوال کو شکست دی۔

اِس سے پہلے ہانگ کانگ نے دوسرے سیمی فائنل میں جاپان کے خلاف جیت درج کی تھی۔x

Cricket U-19

19 سال سے کم عمر کھلاڑیوں کے کرکٹ میں ایشیائی کرکٹ کونسل کے گروپ مرحلے کے دوسرے میچ میں بھارت کا مقابلہ روایتی حریف پاکستان سے ہوگا۔ یہ میچ آج بھارتی وقت کے مطابق ساڑھے دس بجے دبئی کے ICC اکیڈمی گراؤنڈ پر ہوگا۔

آیوش مہاترے کی قیادت میں بھارتی ٹیم جیت کا سلسلہ جاری رکھنا چاہے گی۔ بھارتی ٹیم نے جمعے کو اپنے پہلے میچ میں میزبان متحدہ عرب امارات کو 234 رن سے شکست دے کر بڑی جیت درج کی تھی۔x

Cricket SA T20

مردوں کے کرکٹ میں، تیسرے T20 میچ میں آج بھارت کا مقابلہ جنوبی افریقہ سے ہوگا۔ یہ میچ شام 7 بجے دھرم شالہ کے ہماچل پردیش کرکٹ ایسوسی ایشن اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ 5 میچوں کی سیریز فی الحال ایک-ایک سے برابری پر ہے۔ جمعرات کے روز نیو چنڈی گڑھ کے Mullanpur میں کھیلے گئے میچ میں 51 رن سے ملی بڑی ہار کے بعد سوریہ کمار یادو کی قیادت والی بھارتی ٹیم سیریز میں واپسی کرنے کی کوشش کرے گی۔

سیریز کا چوتھا میچ بدھ کے روز لکھنؤ میں کھیلا جائے گا، جبکہ فائنل میچ جمعے کے روز احمدآباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں ہوگا۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......ضمیر رضوی

شکریہ -آسیہ

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے سبھی اخبارات نے کیرالہ کے ترووننت پورم میں میونسپل انتخابات میں BJP کی جیت کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ پرتاپ کی شہ سرخی ہے: ترووننت پورم میونسپل کارپوریشن کے انتخابات میں لہرایا BJP کا پرچم۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے کل 2001 پارلیمنٹ حملے کی برسی کی خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔''دہشت گردی کے خلاف اتحاد برقرار رکھنے کا عزم، شہدا کو قوم کا خراجِ عقیدت''

روزنامہ پرتاپ نے قومی دارالحکومت دلی میں پہلے تائیوان فلم فیسٹیول انعقاد کی خبر کو نمایاں طور پر پیش کیا ہے۔

روزنامہ انقلاب کی ایک اہم خبر ہے: ''دہلی میں فضائی آلودگی بے حد خطرناک زمرے میں پہنچی۔''

اسی اخبار کی ایک اور اہم خبر ہے:

ہندوستان پر 50 فیصد تک ٹیرف کے فیصلے کے خلاف ایوانِ نمائندگان کی جانب سے قرارداد۔

روزنامہ انقلاب کی ایک اہم خبر ہے: ''امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا G7 کی جگہ 'سپر کلب' بنانے کا منصوبہ۔

ہندوستان ایکسپریس بہار کے وزیر زراعت رام کرپال یادو کے ایک بیان کو نمایاں طورپر بتایا ہے''بہار بنے گا پھولوں کا نیا مرکز''۔

وہیں پرتاپ کی اہم خبر ہے:

ڈونلڈ ٹرمپ کے جنگ بندی سے متعلق اعلان کے باوجود تھائی لینڈ اور کمبوڈیا میں جھڑپیں جاری۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دلی میں قومی توانائی بچت ایوارڈ پیش کریں گی۔

2- وزیراعظم نریندر مودی کل اُردن کا دورہ کریں گے، جو دونوں ملکوں کے درمیان سفارتی تعلقات کے 75 سال پورے ہونے کے موقع پر ہو رہا ہے۔

3- دلّی سرکار نے تمام اسکولوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ خطرناک فضائی آلودگی کے پیش نظر نویں جماعت اور گیارہویں تک کے کلاسز ہائی برڈ موڈ میں کریں۔

4- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے شام میں داعش کے بندوق برداروں کی طرف سے دو امریکی سپاہیوں اور ایک شہری کی ہلاکت کے خلاف جوابی کارروائی کی وارننگ دی ہے۔

5- 19 سال سے کم عمرکھلاڑیوں کے ACC ایشیا کپ کرکٹ میں آج دبئ میں گروپ مرحلے کے دوسرے میچ میں بھارت کا مقابلہ حریف پاکستان سے ہوگا۔

6- اور : چنئی میں عالمی اسکواش چیمپین شپ کے فائنل میں بھارت، ہانگ کانگ کے ساتھ کھیلے گا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---